حدیث ام ذر رضی اللہ عنہ

مالک بن حارث الاشتر رحمہ اللہ کے مومن ہونے کی گواہی

رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے ابوذر رضی اللہ عنہ سے فرمایا

ضرور ضرور تم میں سے ایک شخص ایک بیابان میں مرے گا جس کے پاس مومنین کی ایک جماعت حاضر ہوگی

وَفِي النَّفَرِ الَّذِينَ شَهِدُوهُ، مِنْهُمْ حُجْرُ بْنُ الْأَدْبَرِ، وَمَالِكُ بْنُ الْأَشْتَرِ فِي نَفَرٍ كلهم يمان

اور جو لوگ ابوذر رضی اللہ عنہ کے پاس حاضر ہوئے ان میں حجر بن الادبر رضی اللہ عنہ اور مالک بن الاشتر رحمہ اللہ تھے جو یمنی تھے

تالیف: ابو مصعب الاثری

سیدنا علی رضی اللہ عنہ کے نزدیک مالک بن حارث اشتر رحمہ اللہ کا مقام

ابن عباس رضی اللہ عنہما سے منقول ہے کہ سیدنا علی رضی اللہ عنہ نے فرمایا:

[۳۷۶۷۲] - ابْنُ إِدْرِيسَ عَنْ مِسْعَرٍ، عَنْ عَبْدِ الْمَلِكِ بْنِ مَيْسَرَةَ، عَنْ طَاوُسٍ، عَنِ ابْنِ عَبَّاسٍ، قَالَ :

[قَالَ عَلِيٌّ : مَا قَتَلْتُ , وَإِنْ كُنْتُ لِقَتْلِهِ لَكَارِهًا].

''میں نے سیدنا عثمان رضی اللہ عنہ کو قتل نہیں کیا، اور میں ان کے قاتلوں کو ناپسند کرتا ہوں''۔

(مصنف ابن ابي شيبہ: ۷/ ۵۱۷)۔

مصنف ابن ابی شیبہ کے محقق محمد عوامہ کہتے ہیں کہ: اس حدیث کی سند صحیح ہے۔

علامہ ابن کثیر رحمہ اللہ لکھتے ہیں:

[وَلَمَّا بَلَغَ ذَلِكَ عَلِيًّا تَأَسَّفَ عَلَى شَجَاعَتِهِ وَغَنَائِهِ].

''جب اشتر رحمہ اللہ کی وفات کا سیدنا علی رضی اللہ عنہ کو علم ہوا تو آپ اشتر رحمہ اللہ کی شجاعت اور کفایت کی وجہ سے بہت متاسف ہوئے۔

(البداية والنهاية - لابن كثير : ٧ /٣٤٧)

ابن عساکر نے تاریخ دمشق میں روایت کیا ہے کہ جب سیدنا علی رضی اللہ عنہ کو مالک بن حارث اشتر رحمہ اللہ کی موت کی خبر پہنچی تو آپ کو شدید رنج ہوا۔

[١] قال ابن عساكر: أخبرنا أبو عبد الله الحسين بن محمد، أنبأنا أبو الحسن ابن أيوب، أنبأنا الحسن بن أحمد بن إبراهيم، أنبأنا أحمد بن إسحاق بن منجاب (١) أنبأنا إبراهيم بن الحسين بن علي، أنبأنا يحي، أنبأنا سليمان الجعفي، قال (٢) وحدثني أحمد بن بشير، قال: قال عوانة بن الحكم : " لما جاء نعي الأشتر ووفاته على علي بن أبي طالب، قال :

[إنا لله وإنا إليه راجعون " لله مالك وما مالك! وهل موجود مثل مالك؟ لو كان من جبل كان فنداً، ولو كان من حجر لكان صلداً، على مثل مالك فلتبك البواكي].

عوانہ بن الحکم فرماتے ہیں جب خلیفۃ المسلمین علی بن ابی طالب رضی اللہ عنہ کو مالک اشتر رحمہ اللہ کی وفات کی خبر پہنچی تو آپ نے فرمایا:

'' إنا لله وإنا إليه راجعون مالک! اور مالک کیا شخص تھا۔ کیا اس کے مثل کوئی شخص موجود ہے۔ اللہ کی قسم اگر وہ پہاڑ ہوتا تو ایک کوہ بلند ہوتا، اور اگر وہ پتھر ہوتا تو ایک سنگ گراں ہوتا کہ نہ تو اس کی بلندیوں تک کوئی سم پہنچ سکتا اور نہ کوئی پرندہ وہاں تک پر مار سکتا، پس رونے والوں کو رونے دو ''۔

(تاریخ دمشق: ۴۲/۹۷)۔

مالک بن حارث اشتر رحمہ اللہ کے متعلق جتنی بھی منفی روایات ہیں، سب کی سب ضعیف ہیں۔ اور بعض علماء نے مالک بن حارث اشتر رحمہ اللہ کو ثقہ کہا ہے اور تعریف بھی کی ہے۔

امام ابن حبان فرماتے ہیں: سیدنا علی رضی اللہ عنہ مالک بن حارث اشتر رحمہ اللہ کی تعریف کیا کرتے تھے۔

احمد بن صالح الجیلی نے مالک بن حارث اشتر رحمہ اللہ کو ثقہ کہا ہے۔

ابن حجر عسقلانی نے ان کے بارے میں فرمایا:

[له إدراك (وقد استعمل الفقهاء الإدراك بمعنى: بلوغ الحلم]

''انہوں نے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کا زمانہ پایا ہے، اور فقہاء کے ہاں ادراک بمعنی بلوغت کو پہنچنا ہوتا ہے''۔

امام بخاری نے مالک بن حارث اشتر رحمہ اللہ کے بارے میں لکھا:

[شهد خطبة عمر بالجابية]

''جابیہ میں سیدنا عمر رضی اللہ عنہ نے جو خطبہ دیا تھا اس میں مالک بن حارث اشتر رحمہ اللہ حاضر تھے''۔

''مالک بن حارث رحمہ اللہ ''اشتر'' کے نام سے معروف تھے کیونکہ فتح روم کے دوران آپ کی آنکھ میں تیر لگا تھا اس کے بعد سے آپ کو مالک اشتر کہا جاتا تھا''۔

[الفتوح،ص:۱۴۵]

''ابن عساکر''اس حادثے کو''جنگ یرموک'' کے واقعات میں سے ذکر کرتے ہیں۔

''جنگ یرموک میں شرکت کی اور اسی جنگ میں ان کی ایک آنکھ پر تیر لگا اور آپ آیک آنکھ سے محروم ہو گئے۔ جنگ یرموک میں آپ نے دشمن کے ۱۱۳ افراد کو واصل جہنم کیا''۔

[تاریخ مدینۃ دمشق، ج ۵٦،ص ۳۸۰]۔

حافظ ذہبی نے سیر اعلام النبلا (۴ / ۳۴) میں مالک بن حارث اشتر رحمہ اللہ سے متعلق لکھا ہے:

[حدث عن عمر، وخالد بن الوليد، وفقئت عينه يوم اليرموك]

''عمر رضی اللہ عنہ، اور خالد بن ولید رضی اللہ عنہ سے حدیث روایت کی ہے یرموک کے دن ان کی آنکھ پھوٹ گئی تھی (دشمن کا تیر لگنے کے باعث)''۔

جب سیدنا علی رضی اللہ عنہ کو مالک بن حارث اشتر رحمہ اللہ کی موت کی خبر پہنچی تو آپ نے فرمایا:

''انا للہ، مالک! اور مالک کیا شخص تھا۔ کیا اس کے مثل کوئی شخص موجود ہے۔ خدا کی قسم اگر وہ پہاڑ ہوتا تو ایک کوہ بلند ہوتا، اور اگر وہ پتھر ہوتا تو ایک سنگ گراں ہوتا کہ نہ تو اس کی بلندیوں تک کوئی سم پہنچ سکتا اور نہ کوئی پرندہ وہاں تک پر مار سکتا''۔

سیدنا علی رضی اللہ عنہ نے مالک بن حارث اشتر رحمہ اللہ کی موت پر یہ بھی فرمایا:

[كان مالك لي كما كنت لرسول الله صل الله عليه و سلم]

''وہ میرے لئے اسی طرح تھا جس طرح میں رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کیلئے تھا''۔

[الأشتر* له حسنات كثيرة : منها شهود فتح البهنسا _ شهود معركة اليرموك _ كان اكثر الملازمين لأمير المؤمنين علي رضي الله عنه - شهد وفاة ابي ذر و قد اخبر النبي صل الله عليه و سلم بأن من شهد جنازته مغفور له] .

'' مالک بن حارث اشتر رحمہ اللہ کی نیکیاں کثرت سے ہیں۔ البھنسا کی فتح میں حاضر ہونا، معرکہ یرموک میں حاضر ہونا۔ اشتر رحمہ اللہ سیدنا امیر المومنین علی رضی اللہ عنہ سب سے زیادہ وفادار مخلص کمانڈر تھا۔ ابوذر غفاری

رضی اللہ عنہ نے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم سے حدیث روایت کی جس میں بیان کیا گیا کہ مومنین کا ایک گروہ ابوذر رضی اللہ عنہ کے جنازے میں شرکت کرے گا۔ اور مالک بن حارث اشتر رحمہ اللہ نے یقینی طور پر ابوذر رضی اللہ عنہ کے جنازے میں شرکت کی اور انہیں غسل وکفن دیا۔"

(*) مالک بن حارث اشتر رحمہ اللہ کے بارے میں مزید معلومات درج ذیل کتب سے حاصل کی جاسکتی ہے:

طبقات ابن سعد ٦ / ٢١٣، طبقات خليفة ت ١٠٥٧، المحبر ٢٣٤، تاريخ البخاري ٧ / ٣١١، والجرح والتعديل القسم الأول من المجلد الرابع ٢٠٧، الولاة والقضاة ٢٣، المؤتلف والمختلف ٢٨، معجم الشعراء للمرزباني ٢٦٢، سمط اللآلي ٢٧٧، شرح الحماسة للتبريزي ١ / ٧٥، تاريخ ابن عساكر ١٦ / ٨٧ ا، تهذيب الكمال ص ١٢٩٩، العبر ١ / ٤٥، الإصابة ت ٨٣٤١، تهذيب التهذيب ١٠ / ١١، النجوم الزاهرة ١ / ١٠٢، وما بعدها، خلاصة تذهيب الكمال ٣٦٦، دائرة المعارف الاسلامية ٢ / ٢١٠.

سوال جب شیخ ابورجب حنبلی حفظہ اللہ سے ایسے شخص کے بارے میں استفسار کیا گیا کہ جو شخص مالک بن حارث اشتر رحمہ اللہ کا تمسخر اُڑائے اس کے بارے میں آپ کی کیا رائے ہے تو انہوں نے اس پر جو جواب دیا وہ حاضر خدمت ہے:

جواب "ایسا شخص فاسق اور منافق ہے کیونکہ اشتر رحمہ اللہ جو تھے وہ علی رضی اللہ عنہ کے خواص میں سے تھے جن پر آپ رضی اللہ عنہ نے اپنی اولاد سے بڑھ کر اعتماد کیا۔ ان کے متعلق تمام منفی روایات غیر ثابت ہیں اور ان کے بارے میں مثبت روایات غایت صحت والی ہیں۔ لہٰذا ایسے کلام والے شخص کا کوئی اکرام نہیں"۔

مالک بن حارث اشتر رحمہ اللہ کی مذمت میں جو روایات بیان کی جاتی ہیں وہ سب کی سب ضعیف الاسناد ہیں جنہیں ناصبیوں نے زیادہ تر پھیلا رکھا ہے جبکہ وہ جانتے ہیں کہ علم حدیث کی رو سے ان روایات کی سندی حیثیت کیا ہے۔ دیانت داری کا تقاضا تو یہ ہونا چاہئے تھا کہ ان روایات کو بیان کرتے وقت اِن راویوں کے بارے میں بھی بتایا جاتا لیکن ناصبیوں نے اس معاملے میں خیانت سے کام لیا اور ان روایات کے راویوں پر جو جرح تھی اس کو چھپا لیا۔ ناصبی روافض کے بارے میں کہتے ہیں کہ روافض صحابہ رضی اللہ عنہم کی توہین اس لئے کرتے ہیں کہ نبی صلی اللہ علیہ وسلم پر یہ اتہام لگایا جائے کہ آپ کے صحابہ رضی اللہ عنہم صحیح نہیں تھے اور آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے ان کی صحیح طور پر تربیت نہیں فرمائی تھی۔ بعینہٖ ناصبیوں نے مالک بن حارث اشتر رحمہ اللہ

سے متعلق ضعیف الاسناد روایات کو مسلمانوں میں اس لئے پھیلایا کہ اس کی آڑ میں سیدنا علی رضی اللہ عنہ پر یہ الزام دھرا جائے کہ سیدنا علی امیر المومنین علی بن ابی طالب رضی اللہ عنہ نے قاتلین سیدنا عثمان رضی اللہ عنہ کی پشت پناہی کی اور ان کو مناصب سے نوازا۔ اسی لئے میں کہتا ہوں کہ روافض اور نواصب دونوں ایک ہی مشن پر کام کر رہے ہیں روافض اہل بیت رضوان اللہ علیہم اجمعین کی محبت کی آڑ لے کر نبی صلی اللہ علیہ وسلم کو نشانہ بناتے ہیں اور نواصب قاتلین عثمان رضی اللہ عنہ کی آڑ لے کر سیدنا علی رضی اللہ عنہ کو نشانہ بناتے ہیں اور علی رضی اللہ عنہ کو قتل عثمان رضی اللہ عنہ میں راضی گردانتے ہیں۔ مقصد ایک ہی مالک بن حارث اشتر رحمہ اللہ صرف بہانہ ہے اور سیدنا علی رضی اللہ عنہ نشانہ ہیں۔

ذیل میں ہم ان احادیث کی تخریج کر رہے ہیں جن سے مالک بن حارث اشتر رحمہ اللہ کے طائفہ مومنین میں سے ایک مومن ہونے کا ذکر ہے۔

❀ امام احمد رحمہ اللہ فرماتے ہیں:

[۲] حَدَّثَنَا إِسْحَاقُ بْنُ عِيسَى حَدَّثَنِي يَحْيَى بْنُ سُلَيْمٍ عَنْ عَبْدِ اللَّهِ بْنِ عُثْمَانَ عَنْ مُجَاهِدٍ عَنْ إِبْرَاهِيمَ بْنِ الْأَشْتَرِ عَنْ أَبِيهِ عَنْ أُمِّ ذَرٍّ قَالَتْ لَمَّا حَضَرَتْ أَبَا ذَرٍّ الْوَفَاةُ قَالَتْ بَكَيْتُ فَقَالَ مَا يُبْكِيكِ قَالَتْ وَمَا لِي لَا أَبْكِي وَأَنْتَ تَمُوتُ بِفَلَاةٍ مِنْ الْأَرْضِ وَلَا يَدَ لِي بِدَفْنِكَ وَلَيْسَ عِنْدِي ثَوْبٌ يَسَعُكَ فَأُكَفِّنَكَ فِيهِ قَالَ فَلَا تَبْكِي وَأَبْشِرِي فَإِنِّي سَمِعْتُ رَسُولَ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَقُولُ لَا يَمُوتُ بَيْنَ امْرَأَيْنِ مُسْلِمَيْنِ وَلَدَانِ أَوْ ثَلَاثَةٌ فَيَصْبِرَانِ أَوْ يَحْتَسِبَانِ فَيَرِدَانِ النَّارَ أَبَدًا وَإِنِّي سَمِعْتُ رَسُولَ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَقُولُ :

[لَيَمُوتَنَّ رَجُلٌ مِنْكُمْ بِفَلَاةٍ مِنْ الْأَرْضِ يَشْهَدُهُ عِصَابَةٌ مِنْ الْمُؤْمِنِينَ]

وَلَيْسَ مِنْ أُولَئِكَ النَّفَرِ أَحَدٌ إِلَّا وَقَدْ مَاتَ فِي قَرْيَةٍ أَوْ جَمَاعَةٍ وَإِنِّي أَنَا الَّذِي أَمُوتُ بِفَلَاةٍ وَاللَّهِ مَا كَذَبْتُ وَلَا كُذِبْتُ .

ام ذر رضی اللہ عنہا سے روایت ہے کہ جب ابوذر رضی اللہ عنہ کی وفات کا وقت قریب آیا تو میں رونے لگی انہوں نے پوچھا کہ کیوں روتی ہو؟ میں نے کہا روؤں کیوں نہ؟ جبکہ آپ ایک جنگل میں اس طرح جان دے رہے ہیں کہ میرے پاس آپ کو دفن کرنے کا بھی کوئی سبب نہیں ہے اور نہ ہی اتنا کپڑا ہے جس میں آپ کو کفن دے سکوں، انہوں نے فرمایا تم مت رو اور خوشخبری سنو کہ میں نے نبی کریم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کو یہ فرماتے ہوئے سنا ہے جو آدمی دو یا تین مسلمان بچوں کے درمیان فوت ہوتا ہے اور وہ ثواب کی نیت سے اپنے بچوں کی وفات

پر صبر کرتا ہے تو وہ جہنم کی آگ کبھی نہیں دیکھے گا۔ اور میں نے نبی کریم ﷺ کو یہ بھی فرماتے ہوئے سنا ہے کہ

''تم میں سے ایک آدمی ضرور کسی جنگل میں فوت ہوگا جس کے پاس مؤمنین کی ایک جماعت حاضر ہوگی''

اب ان لوگوں میں سے تو ہر ایک کا انتقال کسی نہ کسی شہر یا جماعت میں ہوا ہے اور میں ہی وہ آدمی ہوں جو جنگل میں فوت ہو رہا ہے واللہ نہ میں جھوٹ بول رہا ہوں اور نہ مجھ سے جھوٹ بولا گیا ہے۔

[مسند امام احمد - حدیث نمبر ۲۰۴۱۳]۔

[۳] ٢١٤٦٧- عن إبراهيم يعني ابن الأشتر، أن أبا ذر، حضره الموت وهو بالربذة فبكت امرأته، فقال: ما يبكيك؟ قالت: أبكي أنه لا يد لي بنفسك، وليس عندي ثوب يسعك كفنا. فقال: لا تبكي، فإني سمعت رسول الله صلى الله عليه وسلم ذات يوم وأنا عنده في نفر يقول: "ليموتن رجل منكم بفلاة من الأرض، يشهده عصابة من المؤمنين " قال: فكل من كان معي في ذلك المجلس مات في جماعة وفرقة، فلم يبق منهم غيري، وقد أصبحت بالفلاة أموت، فراقبي الطريق فإنك سوف ترين ما أقول، فإني والله ما كذبت ولا كذبت. قالت: وأنى ذلك وقد انقطع الحاج؟ قال: راقبي الطريق. قال: فبينا هي كذلك إذا هي بالقوم تخد بهم رواحلهم كأنهم الرخم، فأقبل القوم حتى وقفوا عليها فقالوا: ما لك؟ قالت: امرؤ من المسلمين تكفنونه وتؤجرون فيه قالوا: ومن هو؟ قالت:أبو ذر. ففدوه بآبائهم وأمهاتهم، ووضعوا سياطهم في نحورها يبتدرونه، فقال: أبشروا، أنتم النفر الذين قال رسول الله صلى الله عليه وسلم فيكم ما قال، أبشروا، سمعت رسول الله صلى الله عليه وسلم يقول: "ما من امرأين مسلمين هلك بينهما ولدان أو ثلاثة فاحتسبا وصبرا فيريان النار أبدا " ثم قد أصبحت اليوم حيث ترون ولو أن ثوبا من ثيابي يسعني، لم أكفن إلا فيه، فأنشدكم الله أن لا يكفنني رجل منكم كان أميرا أو عريفا أو بريدا. فكل القوم كان قد نال من ذلك شيئا إلا فتى من الأنصار كان مع القوم، قال: أنا صاحبك، ثوبان في عيبتي من غزل أمي، وأجد ثوبي هذين اللذين علي. قال: أنت صاحبي فكفني.

اس حدیث کے عقب میں شعیب الارناؤوط لکھتے ہیں:

یہ حدیث حسن ہے، اور یہ سند منقطع ہے، کیونکہ ابراہیم بن الاشتر نے ابوذر سے کچھ نہیں سنا، لیکن رقم ۲۱۳۷۳ کی گزری ہوئی روایت وہ موصول آئی ہے۔

عفان: یہ ابن مسلم ہیں۔ اور وہیب: یہ ابن خالد ہیں۔

اور اس روایت کو ابن سعد نے ''الطبقات'' ۴ / ۲۲۲۳-۲۳۳ میں عفان بن مسلم کے واسطے سے اس سند کے ساتھ نکالا ہے۔

اور اس کی روایت میں نبی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کا یہ قول نہیں ہے [ما من امرأين . الخ].

اور امام احمد اور ابن سعد محمد بن اسحاق الصنعانی نے اس کا خلاف کرتے ہوئے اس روایت کو بواسطہ عفان بن مسلم، عن وهيب، عن عبد الله بن عثمان، عن مجاهد، عن إبراهيم بن الأشتر، عن أبيه، عن زوجة أبي ذر اسی کے ساتھ موصولا روایت کیا ہے۔

اور اسی طریق پر ابن اثیر نے ''اسد الغابہ'' (۱/ ۳۵۸) میں تخریج کیا ہے۔

اور حاکم نے (۳/ ۳۳۷-۳۳۸) میں انصاری نوجوان کے قصہ کے ساتھ مختصر طور پر تخریج کیا ہے زائدة، عن عبد الله بن عثمان، عن مجاهد، قال: قال أبو ذر کے طریق سے اس کو انہوں نے منقطع سند کے ساتھ بیان کیا ہے۔

[۴] (حدّثنا عبد الله حدّثني أبي) : حَدَّثَنَا عَفَّانُ حَدَّثَنَا وُهَيْبٌ حَدَّثَنَا عَبْدُ اللَّهِ بْنُ عُثْمَانَ بْنِ خُثَيْمٍ عَنْ مُجَاهِدٍ عَنْ إِبْرَاهِيمَ يَعْنِي ابْنَ الْأَشْتَرِ عَنْ أَبِيهِ أَنَّ أَبَا ذَرٍّ حَضَرَهُ الْمَوْتُ وَهُوَ بِالرَّبَذَةِ فَبَكَتْ امْرَأَتُهُ فَقَالَ مَا يُبْكِيكِ قَالَتْ أَبْكِي لَا يَدَ لِي بِنَفْسِكَ وَلَيْسَ عِنْدِي ثَوْبٌ يَسَعُكَ كَفَنًا فَقَالَ لَا تَبْكِي فَإِنِّي سَمِعْتُ رَسُولَ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ ذَاتَ يَوْمٍ وَأَنَا عِنْدَهُ فِي نَفَرٍ يَقُولُ لَيَمُوتَنَّ رَجُلٌ مِنْكُمْ بِفَلَاةٍ مِنْ الْأَرْضِ يَشْهَدُهُ عِصَابَةٌ مِنْ الْمُؤْمِنِينَ قَالَ فَكُلُّ مَنْ كَانَ مَعِي فِي ذَلِكَ الْمَجْلِسِ مَاتَ فِي جَمَاعَةٍ وَفُرْقَةٍ فَلَمْ يَبْقَ مِنْهُمْ غَيْرِي وَقَدْ أَصْبَحْتُ بِالْفَلَاةِ أَمُوتُ فَرَاقِبِي الطَّرِيقَ فَإِنَّكِ سَوْفَ تَرَيْنَ مَا أَقُولُ فَإِنِّي وَاللَّهِ مَا كَذَبْتُ وَلَا كُذِبْتُ قَالَتْ وَأَنَّى ذَلِكَ وَقَدْ انْقَطَعَ الْحَاجُّ قَالَ رَاقِبِي الطَّرِيقَ قَالَ فَبَيْنَا هِيَ

كَذَلِكَ إِذَا هِيَ بِالْقَوْمِ تَخُدُّ بِهِمْ رَوَاحِلُهُمْ كَأَنَّهُمْ الرَّخَمُ فَأَقْبَلَ الْقَوْمُ حَتَّى وَقَفُوا عَلَيْهَا فَقَالُوا مَا لَكِ قَالَتْ امْرُؤٌ مِنْ الْمُسْلِمِينَ تُكَفِّنُونَهُ وَتُؤْجَرُونَ فِيهِ قَالُوا وَمَنْ هُوَ قَالَتْ أَبُو ذَرٍّ فَفَدَوْهُ بِآبَائِهِمْ وَأُمَّهَاتِهِمْ وَوَضَعُوا سِيَاطَهُمْ فِي نُحُورِهَا يَبْتَدِرُونَهُ فَقَالَ أَبْشِرُوا أَنْتُمْ النَّفَرُ الَّذِينَ قَالَ رَسُولُ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: فِيكُمْ مَا قَالَ أَبْشِرُوا سَمِعْتُ رَسُولَ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَقُولُ مَا مِنْ امْرَأَيْنِ مُسْلِمَيْنِ هَلَكَ بَيْنَهُمَا وَلَدَانِ أَوْ ثَلَاثَةٌ فَاحْتَسَبَا وَصَبَرَا فَيَرَيَانِ النَّارَ أَبَدًا ثُمَّ قَدْ أَصْبَحْتُ الْيَوْمَ حَيْثُ تَرَوْنَ وَلَوْ أَنَّ ثَوْبًا مِنْ ثِيَابِي يَسَعُنِي لَمْ أُكَفَّنْ إِلَّا فِيهِ فَأَنْشُدُكُمْ اللَّهَ أَنْ لَا يُكَفِّنَنِي رَجُلٌ مِنْكُمْ كَانَ أَمِيرًا أَوْ عَرِيفًا أَوْ بَرِيدًا فَكُلُّ الْقَوْمِ كَانَ قَدْ نَالَ مِنْ ذَلِكَ شَيْئًا إِلَّا فَتًى مِنْ الْأَنْصَارِ كَانَ مَعَ الْقَوْمِ قَالَ أَنَا صَاحِبُكَ ثَوْبَانِ فِي عَيْبَتِي مِنْ غَزْلِ أُمِّي وَأَجِدُ ثَوْبَيَّ هَذَيْنِ اللَّذَيْنِ عَلَيَّ قَالَ أَنْتَ صَاحِبِي فَكَفِّنِّي .

[حاشية السندي على مسند الإمام أحمد بن حنبل: أبي الحسن نور الدين محمد بن عبد الهادي]

قال : [الساعاتي، أحمد بن عبد الرحمن البناساعاتى فى كتاب : كتاب الفتح الرباني لترتيب مسند الإمام أحمد بن حنبل الشيباني :

(٣٧٧) (١) إبراهيم بن الأشتر روي عن أبيه وعمر وروي عنه ابنه مالك ومجاهد وغيرهما ذكره ابن حبان في الثقات كان من أعيان الأمراء بالكوفة وكان شجاعاً وهو الذي قتل عبيد الله بن زياد الأمير في وقعة الخازر سنة سبع وستين وقتل مع مصعب بن الزبير في ألو سنة اثنين وسبعين أهـ ملخصاً من تعجيل المنفعة للحافظ ابن حجر (٢) الربذة من قري المدينة على ثلاثة أميال قريبة من ذات عرق على طريق الحجاز وكان قد خرج إليها أبو ذر مغاضباً لعثمان بن عفان (رضي الله عنه) فأقام بها إلى أن مات في سنة ٣٢ أهـ (٣) أي لا قدرة لي على تجهيزك ودفنك (٤) أي جماعة (٥) الرفقة بضم الراء وكسرها الجماعة ترافقهم في سفرك والجمع رفاق (٦) الأول بالبناء للمعلوم أي ما قلت كذباً على رسول الله (صلى الله عليه وسلم) والثاني بالبناء بالمجهول أي ما حدثني رسول الله (صلى الله عليه وسلم) بكذب (٧) أي تسير بهم مسرعة،

الخدي بالخاء المعجمة المفتوحة والدال المهملة الساكنة آخرة ياء تحتية - ضرب من السير يقال خدي يخدي خدياً فهو خاد بوزن رمي يرمي رمياً فهو رام وروى (تجد بهم رواحلهم) بالجيم والدال المهملة المشددة والجد في السير معناه الإسراع والاجتهاد فيه وفي الحديث كان رسول الله (صلى الله عليه وسلم) إذا جد به السير جمع بين الصلاتين "والراحلة" من الإبل البعير القوي القوي على الأسفار والأحمال والذكر والأنثي فيه سواء والهاء للمبالغة وجمعه رواحل (٨) بفتحين نوع من الطوير وأحدثه رخمة (٩) أي قال كل منهم لأبي ذر فداك أبي وأمي (١٠) أي في أعناق رواحلهم (١١) ذكر هذا الحديث في هذا الموطن غير واضح وقد ذكر الهيثمي في مجمع الزوائد في الحديث في ترجمة أبي ذر معزواً لأحمد بلفظ "فقال أبشروا فأنتم الذين قال رسول الله (صلى الله عليه وسلم) فيكم ما قال ثم أصبحت اليوم حيث ترون، ورواه الحاكم في المستدرك من طريق مجاهد عن إبراهيم بن الأشتر عن أبيه عن أم ذر وفيه. "فقال لهم أبشروا فأني سمعت رسول الله (صلى الله عليه وسلم) يقول لنفر أنا فيهم "ليموتن رجل منكم بفلاة من الأرض تشهده عصابة من المؤمنين مأمن أولئك النفر رجل إلا وقد هلك في قرية وجماعة والله ما كذبت ولا كذبت أهـ (١) لما كانت الوظائف الرسمية لا يخلو من يليها عن الشبهات ناشدهم أبو ذر (رضي الله عنه) ألا يكفن في ثوب لأحد من هؤلاء تورعاً وقد حقق رغبته بهذا الفتي الأنصاري الذي لم يل شيئاً من الإمارة وكان معه ثوبان من غزل أمه في عيبته (العريف) المقيم بأمور القبيلة أو الجماعة من الناس يلي أمورهم ويتعرف الأمير منه أحوالهم فعيل بمعني فاعل (البريد) الرسول الذي يركب البغل ويحمل مع الرسائل من بلد إلى بلد قال في النهاية وهي كلمة فارسية يراد بها في الأصل البغل. ثم سمي الرسول الذي يركبه بريداً والمسافة التي بين السكتين بريداً أهـ باختصار (العيبة) مستودع الثياب جمعه عياب والعرب تكني عن القلوب والصدور بالعياب لأنها مستودع السرائر إفادة في النهاية (تخريجه) ذكر الهيثمي فلذا الحديث وقال: "رواه أحمد من طريقين أحدهما هذه والأخرى مختصرة عن إبراهيم بن الأشتر عن أم ذر ورجال الطريق الأولى رجال الصحيح ورواه البزار بنحوه اختصار، أهـ وذكر هذا الحديث أيضاً الحاكم في المستدرك

أخبرنا أبو جعفر محمد بن محمد بن عبد الله ثنا إسماعيل بن أسحق القاضي ثنا على بن عب الله المديني ثنا يحيي بن سليم الطائفي ثنا عبد الله بن عثمان بن خيثم عن مجاهد عن إبراهيم بن الأشتر عن أبيه عن أم ذر قالت لما حضرت أبا ذر الوفاة بكيت الحديث بمثل رواية أحمد مع تفاوت يسير وسكت عنه هو والذهبي. (سنده) (٢) حدّثنا عبد الله حدّثني أبي ثنا أسحاق بن عيسي حدثني يحيي بن سليم عن عبد الله بن عثمان عن مجاهد عن إبراهيم بن الأشتر عن أبيه عن أم ذر قالت لما حضرت أبا ذر الوفاة قالت بكيت فقال ما يبكيك قالت ومالي لا أبكي وأنت تموت بفلاة من الأرض ولا يدلي بدفنك وليس عندي ثوب يسعك فأكفنك فيه قال فلا نبكي وابشري فإني سمعت رسول اله (صلى الله عليه وسلم) يقول لا يموت بين امرأين مسلمين ولدان أو ثلاثة فيصبران أو يحتسبان فيردان النار أبدا ۇأني سمعت رسول الله (صلى الله عليه وسلم) يقول ليموتن رجل منكم بفلاة من الأرض يشهده عصابة من المؤمنين وليس من أولئك النفر أحد إلا وقد مات في قرية أو جماعة وإني أنا الذي أموت بفلاة والله ما كذّبت ولا كذبت (تخريجه) تقدم في الرواية السابقة.

ابراہیم بن اشتر رحمہ اللہ یہ اپنے والد مالک بن حارث اشتر رحمہ اللہ سے روایت کرتے ہیں اوران سے ان کے بیٹے مالک اور مجاہد کے علاوہ دیگر دوسرے روایت کرتے ہیں ابن حبان نے ان کا ذکر ثقات میں کیا ہے کوفہ کے امراء میں سے تھے شجاع تھے ابراہیم بن اشتر رحمہ اللہ ہی وہ شخص ہیں جنہوں نے ٦٧ ہجری میں خازر کے واقعہ میں امیر عبید اللہ بن زیاد کو قتل کیا تھا ابراہیم بن اشتر مصعب بن زبیر رحمہما اللہ کے ہمراہ ٧٢ ہجری میں قتل ہوئے حافظ ابن حجر کی تعجیل المنفعہ سے ملحظ ربذہ مدینہ سے تین میل کی مسافت پر ایک گاؤں ہے ذات عرق سے قریب ہے حجاز کے طریق پر ابوذر رضی اللہ عنہ مدینہ سے عثمان رضی اللہ عنہ سے ناراضگی کی حالت میں نکلے اور ربذہ میں جا کر مقیم ہو گئے یہاں تک کہ ٣٢ ہجری میں ربذہ میں آپ رضی اللہ عنہ کی وفات ہوگئی وہاں پر جب ان کی وفات کا وقت قریب آیا تو ان کی بیوی نے کہا کہ میں تمہیں کفن دفن نہیں دے سکتی ۔۔۔ ہیثمی نے ''مجمع الزوائد'' میں ابوذر رضی اللہ عنہ کے ترجمہ میں حدیث ذکر کی ہے جس کی نسبت احمد کی طرف ان الفاظوں کے ساتھ کی ہے: ''ابوذر رضی اللہ عنہ نے کہا آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: خوش ہو جاؤ، کیونکہ تم وہی لوگ ہو جن کے بارے میں رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا تھا، جو کچھ آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا، آج وہی ظاہر ہو گیا جہاں تم دیکھ رہے ہو۔ اور حاکم نے مستدرک میں مجاہد کے طریق سے بواسطہ ابراہیم بن اشتر وہ بواسطہ اپنے والد وہ بواسطہ ام ذر سے روایت کیا ہے اور اس میں یہ ہے: ابوذر رضی اللہ عنہ نے ان سے کہا خوش ہو جاؤ کیونکہ میں نے رسول اللہ

صلی اللہ وآلہ وسلم سے سنا آپ صلی اللہ علیہ وسلم لوگوں سے فرما رہے تھے اور میں ان میں موجود تھا ''تم میں سے ایک آدمی ضرور کسی جنگل میں فوت ہوگا جس کے پاس مؤمنین کی ایک جماعت حاضر ہوگی'' اب ان لوگوں میں سے تو ہر ایک کا انتقال کسی نہ کسی شہر یا جماعت میں ہوا ہے اور میں ہی وہ آدمی ہوں جو جنگل میں فوت ہو رہا ہوں واللہ نہ میں جھوٹ بول رہا ہوں اور نہ مجھ سے جھوٹ بولا گیا ہے۔۔۔ ہیثمی نے اس حدیث کا ذکر کیا اور کہا: اس حدیث کو امام احمد نے دو طریقوں سے روایت کیا ہے ایک طریقہ تو یہ ہے اور دوسرا طریق اس روایت کا مختصرا ذکر کیا بواسطہ ابراہیم بن اشتر عن ام ذر اور پہلے طریق کے رجال صحیح کے رجال ہیں اور بزار نے بھی اس حدیث کو اسی طرح اختصار کے ساتھ روایت کیا ہے۔ اھ اور اس حدیث کا ذکر حاکم نے مستدرک میں کیا ہے هذا الحديث أيضاً الحاكم في المستدرك أخبرنا أبو جعفر محمد بن محمد بن عبد الله ثنا إسماعيل بن أسحق القاضي ثنا على بن عب الله المديني ثنا يحي بن سليم الطائفي ثنا عبد الله بن عثمان بن خيثم عن مجاهد عن إبراهيم بن الأشتر عن أبيه عن أم ذر قالت لما حضرت أبا ذر الوفاة بكيت الحديث امام احمد کی روایت کردہ حدیث کے کی طرح تھوڑے اختلاف کے ساتھ اور اس حدیث پر حاکم اور ذہبی دونوں نے سکوت کیا ہے۔ باقی امام احمد کی روایت کو البنا ساعاتی نے نقل کیا ہے۔

[كتاب الفتح الرباني لترتيب مسند الإمام أحمد بن حنبل الشيباني - [الساعاتي، أحمد بن عبد الرحمن]- ٢٢ / ٣٧٤-٣٧٥].

[٥] ٢٠٩١٧ - حَدَّثَنَا إِسْحَاقُ بْنُ عِيسَى ، حَدَّثَنِي يَحْيَى بْنُ سُلَيْمٍ ، عَنْ عَبْدِ اللَّهِ بْنِ عُثْمَانَ ، عَنْ مُجَاهِدٍ ، عَنْ إِبْرَاهِيمَ بْنِ الْأَشْتَرِ ، عَنْ أَبِيهِ ، عَنْ أُمِّ ذَرٍّ ، قَالَتْ : لَمَّا حَضَرَتْ أَبَا ذَرٍّ ، الْوَفَاةُ قَالَتْ : بَكَيْتُ ، فَقَالَ : مَا يُبْكِيكِ ؟ قَالَتْ : وَمَا لِي لَا أَبْكِي وَأَنْتَ تَمُوتُ بِفَلَاةٍ مِنَ الْأَرْضِ ، وَلَا يَدَ لِي بِدَفْنِكَ ، وَلَيْسَ عِنْدِي ثَوْبٌ يَسَعُكَ فَأُكَفِّنَكَ فِيهِ . قَالَ : فَلَا تَبْكِي وَأَبْشِرِي ، فَإِنِّي سَمِعْتُ رَسُولَ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَقُولُ : لَا يَمُوتُ بَيْنَ امْرَأَيْنِ مُسْلِمَيْنِ وَلَدَانِ أَوْ ثَلَاثَةٌ فَيَصْبِرَانِ وَ يَحْتَسِبَانِ فَيَرَيَانِ النَّارَ أَبَدًا.

[مسند أحمد ابن حنبل مسند الأنصار حديث أبي ذر الغفاري حديث رقم ٢٠٩١٧].

[٦] ٢١٣٧٣ -حَدَّثَنَا إِسْحَاقُ بْنُ عِيسَى، حَدَّثَنِي يَحْيَى بْنُ سُلَيْمٍ، عَنْ عَبْدِ اللهِ بْنِ عُثْمَانَ، عَنْ مُجَاهِدٍ، عَنْ إِبْرَاهِيمَ بْنِ الْأَشْتَرِ، عَنْ أَبِيهِ، عَنْ أُمِّ ذَرٍّ، قَالَتْ: لَمَّا حَضَرَتْ أَبَا ذَرٍّ، الْوَفَاةُ قَالَتْ: بَكَيْتُ، فَقَالَ: مَا يُبْكِيكِ؟ قَالَتْ: وَمَا لِي لَا أَبْكِي

وَأَنْتَ تَمُوتُ بِفَلَاةٍ مِنَ الْأَرْضِ، وَلَا يَدَ لِي بِدَفْنِكَ، وَلَيْسَ عِنْدِي ثَوْبٌ يَسَعُكَ فَأُكَفِّنَكَ فِيهِ. قَالَ: فَلَا تَبْكِي وَأَبْشِرِي، فَإِنِّي سَمِعْتُ رَسُولَ اللهِ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَقُولُ: "لَا يَمُوتُ بَيْنَ امْرَأَيْنِ مُسْلِمَيْنِ وَلَدَانِ أَوْ ثَلَاثَةٌ فَيَصْبِرَانِ وَيَحْتَسِبَانِ فَيَرَيَانِ النَّارَ أَبَدًا "

وَإِنِّي سَمِعْتُ رَسُولَ اللهِ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَقُولُ :

[لَيَمُوتَنَّ رَجُلٌ مِنْكُمْ بِفَلَاةٍ مِنَ الْأَرْضِ يَشْهَدُهُ عِصَابَةٌ مِنَ الْمُؤْمِنِينَ " وَلَيْسَ مِنْ أُولَئِكَ النَّفَرِ أَحَدٌ إِلَّا وَقَدْ مَاتَ فِي قَرْيَةٍ أَوْ جَمَاعَةٍ، وَإِنِّي أَنَا الَّذِي أَمُوتُ بِفَلَاةٍ، وَاللهِ مَا كَذَبْتُ وَلَا كُذِبْتُ].

شعیب الارنؤوط-عادل مرشد،اوردوسرے محققین کہتے ہیں:

اس حدیث کی سند حسن ہے، ابراہیم بن اشتر رحمہ اللہ: یہ ابراہیم بن مالک بن حارث رحمہ اللہ ہیں، اپنے والد اشتر رحمہ اللہ اور عمر رضی اللہ عنہ سے روایت کرتے ہیں اور ان سے ایک جماعت روایت کرتی ہے، ابن حبان نے ان کا ذکر ثقات میں کیا ہے، کوفہ کے امراء میں سے تھے، اور ان کے والد مالک بن حارث رحمہ اللہ جو کہ اشتر کے نام سے معروف ہیں ان سے ایک جماعت روایت کرتی ہے، ابن سعد نے مالک بن حارث رحمہ اللہ کا ذکر کوفہ کے طبقہ اولیٰ کے تابعین میں کیا ہے، اور کہا ہے کہ: اشتر رحمہ اللہ سیدنا علی رضی اللہ عنہ کے اصحاب میں سے تھے، جمل صفین اور کے علاوہ تمام معرکوں میں سیدنا علی رضی اللہ عنہ کے ساتھ حاضر رہے تھے سیدنا علی رضی اللہ عنہ نے مالک بن حارث اشتر رحمہ اللہ کو مصر کا گورنر مقرر کیا تھا، عجلی کہتے ہیں: تابعی ہیں کوفی ہیں ثقہ ہیں، اور ابن حبان نے ان کا ذکر ''ثقات'' میں کیا ہے ان کا شمار مخضرمین میں ہوتا ہے، ان سے امام نسائی نے روایت کی ہے، اور ام ذر رضی اللہ عنہا کا ذکر ابن حبان نے ثقہ تابعین میں کیا ہے، کہا گیا ہے کہ ان کو نبی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی صحبت حاصل تھی، اور اس حدیث کے باقی رجال صحیح کے رجال ہیں۔ اسحاق بن عیسی: یہ ابن نجیح ابن الطباع ہیں، اور یحیی بن سلیم: یہ طائفی ہیں، اور عبداللہ بن عثمان: یہ ابن خثیم ہیں، اور مجاہد: یہ ابن جبر مکی ہیں۔

تخریج:

وأخرجه ابن سعد في "الطبقات" ٤ / ٢٣٣-٢٣٤، وابن أبي عاصم في "الآحاد والمثاني" (٩٨٤)، والبزار في "مسنده" (٤٠٦٠) ، وابن حبان (٦٦٧٠) و (٦٧٠١) ، والحاكم (٣ / ٣٤٤-٣٤٦) ، وأبو نعيم في "الحلية" (١ / ١٦٩-١٧٠) ، والبيهقي في "دلائل النبوة" (٦ / ٤٠١-٤٠٢) ، من طرق عن يحيى ابن سليم، بهذا الإسناد- مطولاً بنحو الرواية الآتية برقم (٢١٤٦٧) ، وسقط

من مطبوع "الآحاد والمثاني": "أم ذر". وليس في روايات ابن أبي عاصم وابن حبان في الموضع الأول وأبي نعيم والبيهقي قوله صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: "لا يموت بين امرأين مسلمين ... إلخ". وانظر ما سلف برقم (٢١٣٤١) .

۞ **علامہ ناصر الدین الالبانی اس حدیث کی شرح میں فرماتے ہیں:**

شرح الحديث الثاني وهو (عن أبي ذر أنه مات بالربذة ....) رواه أحمد .

الشيخ : الحديث الثاني يعني إبراهيم بن الأشقر أن أبا ذر حضره الموت وهو بالربذة فبكت امرأته فقال ما يبكيك فقالت أبكي فإنه لا يد لي بنفسك و ليس عندي ثوب يسعك ... إذا كان عندي خطأ فصحح " و ليس عندي ثوب يسعك كفنا " قال " لا تبكي فإني سمعت رسول الله صلى الله عليه و آله و سلم -و هنا سقط استدركته وهو بعد قوله- سمعت رسول الله صلى الله عليه وآله و سلم ذات يوم وأنا عنده في نفر هذه زيادة - يقول الرسول عليه السلام في مجلس من الصحابة و فيهم أبو ذر (ليموتن رجل منكم بفلاة من الأرض يصحبه عصابة من المؤمنين) قال أبو ذر : فكل من كان معي في ذاك المجلس مات في جماعة و فرقة ... فكل من كان معي في ذلك المجلس مات في جماعة و فرقة فلم يبق منهم غيري و قد أصبحت بفلاة أموت راقبي الطريق فإنك سوف ترين ما أقول فإني و الله ما كذبت و لا كذبت ، قالت : و أنّا ذلك و قد انقطع الحاج ؟ قال : راقبي الطريق ، قال فبينما هي كذلك إذا هي بالقوم تخض بهم رواحلهم كأنهم ... فأقبل القوم حتى وقفوا عليها فقالوا : ما لك ؟ فقلت : امرؤ من المسلمين تكفنوه و تؤجروا فيه ، قالوا : و من هو ؟ قالت : أبو ذر ، ففدوه بآبائم و أمهاتهم و وضعوا أسياطهم في نحورها يبتدرونه فقال -عندي فقالت و هو خطأ- أبشروا فإنكم النفر الذين قال رسول الله صلى الله عليه و آله و سلم فيكم ما قال ثم قد - زيادة بين قوسين - أصبحت اليوم حيث ترون ولو أن لي ثوبا من ثيابي - هنا الشاهد - من ثيابي يسع كفني لم أكفن إلا فيه فأنشدكم الله لا يكفنني رجل منكم كان عريفا أو أميرا أو بريدا فكل القوم قد نال من ذلك شيئا إلا فتى من الأنصار و كان مع القوم قال أنا صاحبك ثوبان في عيبتي من غزل أمي و أحد ثوبيّ هاذين اللّذين عليّ قال أنت صاحبي " رواه أحمد و

اللفظ له و رجاله رجال الصحيح و البزار بنحوه باختصار ، العيبة بفتح العين المهملة وإسكان المثناة تحت بعدها موحدة هي ما يجعل المسافر فيها ثيابه يعني " شنطة السفر " .

نعود لهذا الحديث لشرح بعض ما قد يشكل على بعض الناس يقول إبراهيم بن الأشقر أن أبا ذر حضره الموت وهو بالربذة مكان قريب من المدينة فبكت امرأته لأنه كانت تعيش مع زوجها أبي ذر في فلاة من الأرض ليس هناك جليس و لا صاحب و لا صديق و لا ديار و لا أي شيء فبكت امرأته و قد حضر زوجها الموت فقال ما يبكيك ؟ قالت أبكي فإنه لا يد لي بنفسك و ليس عندي ثوب يسعك كفنا ... ما فيه ثوب أكفنك فيه و ما فيه أحد هنا يساعدني فبشرها بما كان سمعه من الرسول عليه السلام لا تبكي قائلا لها لا تبكي فإني سمعت رسول الله صلى الله عليه و آله و سلم ذات يوم و أنا عنده في نفر يقول (ليموتن رجل منكم في فلاة من الأرض تشهده عصابة من المؤمنين) هذه البشارة الزوجة استوحشت من وفاة زوجها وحيدا و لا كفن له يكفنه فيه فأخبرها بأن الرسول عليه السلام قد قال يوما في مجلس فيه جماعة من الصحابة هو أحدهم الواحد من هؤلاء سيموت في فلاة من الأرض في البرية لكن يشهده عصابة من المؤمنين جماعة قال أبو ذر فكل من كان معي في ذلك المجلس مات في جماعة و فرقة يعني أحيانا ناس مات في جماعات و ناس ماتوا وحيدين كهو لكن هؤلاء لم يبق أحد غيري لذلك فأنا الذي سأموت في فلاة من الأرض و لا بد أن يصدق فيّ خبر الرسول عليه السلام حين قال (يشهده عصابة من المؤمنين) لذلك أبشري و لا تيأسي ، هنا ملاحظة أريد أن ... بها نص الحديث يخطاب الرسول عليه السلام الصحابة الحاضرين في ذلك المجلس فالصحابي انظروا كيف يتأمل في كلام الرسول الدقيق فيفهم أن هذا الخطاب مقصود به هذه الجماعة الخاصة الموجودين في ذاك المجلس و لا يذهب عنه و خاطره إلى أنه يعني واحدا من الصحابة جميعا لا ، لأنه خطاب لمن كان حاضرا في ذلك المجلس و من هنا تيقن أبو ذر ما دام أن الجماعة ماتوا تارة في جماعة و تارة وحدانا لكن ما أحد منهم مات في فلاة من الأرض و ما دام كلهم النفر ماتوا ما بقي غيري و أنا في الفلاة إذا أنا المقصود بذلك الخبر فلا بد

أن يتحقق تمام الخبر ألا و هو أن يشهد موته جماعة عصابة من المؤمنين يعني من الصحابة فهو يقول " فكل من كان معي في ذلك المجلس مات في جماعة و فرقة و لم يبق أحد منهم غيري و قد أصبحت من الفلاة أموت فراقبي الطريق فإنك سوف ترين ما أقول فإني و الله ما كذبت ولا كُذبت " أي أنا ما كذبت على رسول الله صلى الله عليه و سلم و لا الرسول عليه السلام كذب عليّ حاشا من ذلك إذا إنه لحق مثل ما أنكم تنطقون لابد أن هذا الخبر يصدق لا أنا كاذب على الرسول عليه السلام و لا الرسول يكذب علينا ، لكن لا تزال هي مستوحشة و مستغربة هذا الخبر قالت " و أنى ذلك و قد انقطع الحاج ؟ " هما الزوجان يعيشان في فلاة من الأرض يعني ليس في طريق الناس و الطريق الذي يمر به الناس بقوافلهم و إنما في طريق يطرقه الحجاج عادة و لم يبق هناك حجاج قافلون من الحج لذلك من أين يأتي هؤلاء الناس الذين تظن أنت أنهم سيحضرون وفاتك قال : " راقبي الطريق " يقول قولة الرجل المؤمن المعتقد بأن خبر الرسول عليه السلام فيه سيتحقق و لابد قال فبينما هي كذلك تراقب الطريق تنفيذا لأمر زوجها إذا هي بالقوم تخبّ بهم رواحلهم ... من السيل و هو في ... تخب و بين تجد من الإسراع في السير في بعض النسخ هذه رواية أحمد فبينما هي كذلك إذا هي بالقوم تخب بهم وراحلهم كأنهم الرخم أنا هذا التشبيه في الواقع ما فهمته فإذا كان بعض إخواننا الحاضرين عندهم سابق معرفة بهذا التعريف فليفيدونا أياه يعني تشبيه بالرخم كأنهم الرخم ... .

الشيخ : .... تشبيه فأقبل القوم حتى وقفوا عليها فقالوا ما لك ؟ فقالت امرؤ من المسلمين تكفونه وتأجروا فيه يعني هنا رجل حضره الموت فلعلكم تكسبون أجره و تكفنونه قالوا من هو ؟ قالت أبو ذر ... أبو ذر أول ما سمعوا باسمه فدوه بآبائهم و أمهاتهم و وضعوا سياطهم في نحورها الظاهر أن المقصود أنهم علقوا السياط التي يسوقون بها رواحلهم على الرواحل ... ليتوجهوا إلى حيث أبو ذر يحتضر قال و وضعوا سياطهم في رواحلهم يبتدرونه فقال يعني فجاؤوا إليه فقال أبشروا فإنكم النفر الذين قال الرسول صلى الله عليه و سلم فيكم ما قال يشهده عصابة من المؤمنين ... الجملة ثم هنا سقط أيضا

غريب ما أدري إذا كان المصنف اختصره و ليس هذا من شأن المؤلفين و الغريب أنه توارد عليه أو تبعه فيه الهيثمي في مجمع الزوائد هذا السقط.

دوسری حدیث کی تفسیر جو کہ (ابو ذر رضی اللہ عنہ کی روایت میں ہے کہ ان کی وفات ربذہ میں ہوئی۔۔۔۔) اسے امام احمد نے روایت کی ہے۔

الشیخ: دوسری حدیث سے مراد ابراہیم بن اشتر رحمۃ اللہ علیہما ہیں کہ ابو ذر رضی اللہ عنہ کی وفات اس وقت ہوئی جب وہ ربذہ میں تھے، تو ان کی بیوی رونے لگیں، تو ابو ذر رضی اللہ عنہ نے کہا: تمہیں رونا کیوں آرہا ہے؟ ان کی بیوی نے کہا: میں اس لیے رو رہی ہوں کیونکہ میرے پاس اتنی قوت نہیں ہے اور نہ ہی میرے پاس کپڑے ہیں جو تمہارے کفن کے کام آسکیں۔۔۔ الالبانی کہتے ہیں: اگر مجھ سے کوئی غلطی ہوئی ہے تو اسے درست کر دیں۔ ''اور میرے پاس ایسے کپڑے نہیں ہیں جو تمہارے کفن کے کام آسکے۔'' ابو ذر رضی اللہ عنہ نے کہا: '' مت رو، کیونکہ میں نے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم سے سنا ہے'' - اور یہاں یہ قول ساقط ہو گیا، اور اس قول کے کہنے کے بعد احساس ہوا۔ میں نے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کو ایک دن سنا جب میں آپ کے ساتھ صحابہ رضی اللہ عنہم کی ایک جماعت میں موجود تھا یہ زیادت ہے۔ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم صحابہ رضی اللہ عنہم کی مجلس میں فرما رہے تھے اور ان صحابہ رضی اللہ عنہم میں ابو ذر رضی اللہ عنہ بھی موجود تھے کہ (تم میں سے ایک آدمی بیابان جنگل میں مرے گا، اس کے پاس مومنوں کی ایک جماعت حاضر ہوگی۔ ابو ذر رضی اللہ عنہ نے کہا: جو لوگ میرے ساتھ تھے اب ان لوگوں میں سے تو ہر ایک کا انتقال کسی نہ کسی شہر یا جماعت میں ہو گیا ہے اور میں ہی وہ آدمی ہوں جو جنگل میں فوت ہو رہا ہے واللہ نہ میں جھوٹ بول رہا ہوں اور نہ مجھ سے جھوٹ بولا گیا ہے۔ ابو ذر رضی اللہ عنہ کی بیوی نے کہا: کہ اب تو حجاج کرام بھی واپس چلے گئے اب کون آئے گا؟ ابو ذر رضی اللہ عنہ نے فرمایا: تم راستے کا خیال رکھو ابھی وہ یہ گفتگو کر رہی تھیں کہ اچانک انہیں کچھ لوگ نظر آئے جو اپنی سواریوں کو سرپٹ دوڑاتے ہوئے چلے آرہے تھے یوں محسوس ہو رہا تھا جیسے گدھ تیزی سے آرہے ہیں وہ لوگ ابو ذر رضی اللہ عنہ کی بیوی کے قریب پہنچ کر رک گئے اور ان سے پوچھا کہ: تمہارا کیا مسئلہ ہے؟ (جو یوں راستے میں کھڑی ہو) انہوں نے بتایا: کہ یہاں ایک مسلمان آدمی ہے اس کے کفن دفن کا انتظام کر دو تمہیں اس کا بڑا ثواب ملے گا انہوں نے پوچھا: وہ کون ہے؟ انہوں نے بتایا: کہ ابو ذر رضی اللہ عنہ ہیں انہوں نے اپنے ماں باپ کو ان پر قربان کیا اپنے کوڑے اپنی گردنوں میں ڈالے اور تیزی سے چلے۔ الالبانی نے کہا: فقالت میرے نزدیک خطا ہے وہاں پہنچے تو ابو ذر رضی اللہ عنہ نے فرمایا تمہیں خوشخبری ہو کہ تم ہی وہ لوگ ہو جن کے متعلق نبی کریم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا تھا: خوشخبری ہو۔ پھر جو قوسین کے مابین ہے وہ زیادت ہے۔۔۔۔ اس حدیث کو امام احمد رحمہ اللہ نے روایت کیا ہے اور اس حدیث کے رجال صحیح کے رجال ہیں اور بزار نے بھی اس حدیث کو اسی طرح سے اختصار کے ساتھ روایت

کیا ہے۔۔۔ہم دوبارہ اس حدیث کی تفسیر بیان کرنے کی طرف لوٹتے ہیں جو بعض لوگوں کے لیے مشکل ہے ابراہیم الاشتر رحمۃ اللہ علیہا کہتے ہیں: ابوذر رضی اللہ عنہ ربذہ میں تھے جو کہ مدینہ سے قریب ایک مقام ہے وہاں جب ان کی موت کا وقت قریب آیا تو ان کی بیوی رونے لگیں کیونکہ وہ ابوذر رضی اللہ عنہ کے ساتھ زندگی گزار رہی تھیں ایک جنگل بیابان میں جہاں کوئی دوسرا ساتھی میسر نہیں تھا نہ ہی کوئی دوست وہاں تھا نہ کوئی دوسرا گھر وہاں تھا نہ ہی کوئی اور چیز وہاں میسر تھی جب ان کے شوہر ابوذر رضی اللہ عنہ کی موت کا وقت قریب آیا تو وہ رونے لگیں تو ابوذر رضی اللہ عنہ نے اپنی بیوی سے پوچھا: کیوں رو رہی ہو؟ تو انہوں نے کہا: کہ میں اس لیے رو رہی ہوں مجھ میں اتنی طاقت نہیں ہے کہ میں آپ کو دفن کرسکوں اور نہ ہی میرے پاس کپڑے ہیں کہ آپ کو کفن کے کام آسکیں۔۔۔میرے پاس کپڑے نہیں ہیں جس سے میں آپ کو کفن دے سکوں اور نہ ہی کوئی یہاں دوسرا موجود ہے جو کفن دفن میں میری مدد کرسکے، پس ابوذر رضی اللہ عنہ نے اپنی بیوی کو وہ خوشخبری سنائی جسے انہوں نے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم سے سنی تھی ایک دن جب میں لوگوں (یعنی صحابہ رضی اللہ عنہم) کے ساتھ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے پاس تھا تو آپ فرما رہے تھے: (تم میں سے ایک آدمی ضرر بضر ور بیابان جنگل میں فوت ہوگا اور اس کے پاس (اس کے کفن دفن کے لیے) مومنین کی جماعت حاضر ہوگی) یہ بیوی کے لیے خوشخبری تھی جو کہ اپنے اکیلے شوہر کی وفات پر وحشت زدہ تھی اس کے پاس اپنے شوہر کو کفن دینے کے لیے کپڑے نہ تھے کہ وہ اس میں اس کو کفن دے سکے پس اس کے شوہر نے اس کو خبر دی کہ رسول علیہ السلام نے ایک دن اپنے صحابہ رضی اللہ عنہم کی مجلس میں یہ فرمایا تھا کہ وہ ان صحابہ رضی اللہ عنہم میں سے ایک ہوں گے جو اس بیابان جنگل کی زمین پر مریں گے لیکن ان کے پاس مومنین کی ایک جماعت حاضر ہوگی ابوذر رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں: پس ہر وہ شخص جو اس وقت میرے ساتھ اس مجلس میں موجود تھا مر چکا تھا ہر جماعت اور ہر فرقے سے مر چکا تھا اور کوئی بھی شخص باقی نہ رہا تھا سوائے میرے اور میں اس وقت اس بیابان جنگل کی زمین میں مر رہا ہوں پس یہ ضروری ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی اس خبر کی تصدیق کی جائے جس وقت آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا تھا: (کہ اس شخص کے پاس اس وقت مومنین کی ایک جماعت حاضر ہوگی) لہٰذا خوشخبری ہو مایوس مت ہو، الالبانی کہتے ہیں : کہ میں چاہتا ہوں کہ یہاں اس بات کو ملاحظہ کیا جائے کہ۔۔۔حدیث میں نص موجود ہے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے جب صحابہ رضی اللہ عنہم سے خطاب کیا جو اس وقت موجود تھے اس مجلس میں پس صحابی رضی اللہ عنہ کو دیکھو کہ کس طرح سے اس نے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے دقیق کلام کو سمجھا کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے خطاب سے مراد اس وقت خاص طور پر اس مجلس میں صحابہ رضی اللہ عنہم کی وہ مخصوص جماعت تھی جو وہاں موجود تھی اور اس صحابی کا خیال تک نہیں گیا کہ اس سے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی مراد تمام صحابہ رضی اللہ عنہم کی جماعت مراد ہے۔نہیں، بلکہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کا خطاب صرف ان صحابہ رضی اللہ عنہم کے لیے تھا جو اس وقت وہاں اس مجلس میں حاضر تھے اور یہاں ابوذر رضی اللہ عنہ کو یقینی طور پر علم تھا کہ وہ گروہ جس میں رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے یہ خطاب کیا تھا وہ مر چکا ہے

کسی جماعت میں اور کبھی اکیلے لیکن ان میں سے اس مجلس میں موجود شخص میں سے کوئی بھی شخص اس بنجر زمین میں نہیں مرا ہے، اوراس وقت تک وہ سب مر گئے میرے سوا کوئی نہیں بچا ہے اور اگر میں اس خبر سے مراد ہوں تو میں ہی اس بیابان جنگل میں ہوں۔ضروری ہے کہ اس خبر کو پوری طرح سے پہچانا جائے اور وہ یہ ہے کہ ان کی موت کے وقت مومنوں کا ایک گروہ ضرور بضرور حاضر ہوگا۔ میرا مطلب ہے صحابہ رضی اللہ عنہم سے، وہ کہتے ہیں۔اس مجلس میں جو صحابی بھی میرے ساتھ تھا وہ ایک گروہ اور جماعت میں مر گیا اور ان میں سے میرے سوا کوئی باقی نہ رہا۔اور میں ہی اس بیابان جنگل میں مر رہا ہوں۔پس راستے کو دیکھتی رہو عنقریب آپ دیکھ لیں گی جو میں کہہ رہا ہوں واللہ نہ میں جھوٹ بول رہا ہوں اور نہ مجھ سے جھوٹ بولا گیا ہے۔اس کا معنی ہے کہ میں رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم پر جھوٹ نہیں بول رہا ہوں اور نہ ہی رسول علیہ السلام نے مجھ سے جھوٹ کہا ہے، اس سے بعید ہو کہ اگر یہ آپ کی باتوں کی طرح سچ ہے تو یہ خبر سچی ہونی چاہیے، میں رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم سے جھوٹ نہیں بول رہا اور نہ رسول صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم ہم سے جھوٹ بول رہے ہیں۔لیکن وہ اب بھی وحشت زدہ ہے اور اس خبر سے حیران ہے۔وہ کہتی ہیں ''یہ کیسے ہوگا حاجیوں کا آنا جانا منقطع ہو چکا ہے'' وہاں وہ اور اس کا شوہر اکیلے اس بیابان جنگل کی زمین میں رہ رہے ہیں یعنی یہاں میرا مطلب ہے کہ لوگوں کے گزرنے کے راستے اس طریق پر نہیں ہیں جس سے لوگ اپنے قافلوں کے ساتھ گزرتے ہیں۔ بلکہ یہ بیابان جنگل والی زمین اس راستے پر ہے جہاں عام طور پر عازمین حج کے قافلے سفر کرتے ہیں اور وہاں سے کوئی حجاج کا قافلہ نہیں بچا ہے۔تو یہ لوگ کہاں سے آئیں گے کہ آپ کے خیال میں جب آپ کی موت آئے گی۔ابوذر رضی اللہ عنہ نے کہا: ''راستے پر نظر رکھو'' مومن آدمی اس بات کا اعتقاد رکھتا ہے جو خبر رسول علیہ السلام نے دی ہے وہ حق ہے اور ضرور بضرور پوری ہونی ہے ابوذر رضی اللہ عنہ نے اپنی بیوی کو ضروری تاکید کی تھی راستے پر نظر رکھنے کے بارے لہٰذا وہ اسی حکم کے پیش نظر راستے کو دیکھ رہی تھیں اپنے شوہر کے حکم کی تنفیذ کرتے ہوئے اور اگر وہ لوگوں کے ساتھ ہے۔۔۔۔بعض نسخوں میں یہ امام احمد رحمہ اللہ کی روایت ہے، تو جب کہ یہ اس طرح ہے، ان کے ساتھ چلنے والے لوگوں کے ساتھ اور ان کی سواریوں کے ساتھ گویا وہ گدھ ہیں ۔۔۔(یعنی سوار اس طرح اپنے گھوڑوں پر اس قدر تیزی کے ساتھ پہنچیں گے جیسے گدھ ہیں) الالبانی کہتے ہیں: یہ جو تشبیہ ہے قوم کے آنے کی حتی کہ یہ قوم ابوذر رضی اللہ عنہ کی بیوی کے سامنے آ کھڑی ہوئی انہیں کچھ لوگ نظر آئے جو اپنی سواریوں کو سرپٹ دوڑاتے ہوئے چلے آ رہے تھے یوں محسوس ہو رہا تھا جیسے گدھ تیزی سے آتے ہیں وہ لوگ ان کے قریب پہنچ کر رک گئے اور ان سے پوچھا: کہ تمہارا کیا مسئلہ ہے؟ (جو یوں راستے میں کھڑی ہو) انہوں نے بتایا کہ یہاں ایک مسلمان آدمی ہے اس کے کفن دفن کا انتظام کر دو تمہیں اس کا بڑا ثواب ملے گا انہوں نے پوچھا وہ کون ہے؟ انہوں نے کہا: ابوذر رضی اللہ عنہ ہیں جس نام کو انہوں نے سب سے پہلے سنا وہ ابوذر رضی اللہ عنہ کا تھا اس پر انہوں نے اپنے ماں باپ کو اُن پر قربان کیا اپنی چابکیں اپنی

گردنوں میں ڈالیں اور تیزی سے چلے۔انھوں نے اپنی گردنوں میں چابکوں کو لٹکا دیا جن سے وہ اپنی سواریوں کو راستوں پر چلاتے تھے۔۔۔تاکہ وہ ابوذر رضی اللہ عنہ کی طرف متوجہ ہوجائیں جہاں وہ موجود ہیں اور موت کے منتظر ہیں کہا: انھوں نے اپنے چابک اپنی گردنوں میں ڈالیں انھوں نے یہ کام جلدی جلدی کیا اور الالبانی کہتے ہیں: میرا مطلب یہ ہے کہ اس سے مقصود و مراد یہ ہے کہ وہ سوار اس کے پاس آئے وہاں پہنچے تو ابوذر رضی اللہ عنہ نے فرمایا: تمہیں خوشخبری ہو کہ تم ہی وہ لوگ ہو جن کے متعلق نبی کریم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا تھا خوش ہو جاؤ کیونکہ تم وہ گروہ ہو جس کے بارے میں رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا تھا کہ اس آدمی کے پاس مومنین کا ایک گروہ حاضر ہوگا۔۔۔یہ ایک جملہ یہاں پر اسی طرح ساقط ہوگیا ہے یہ عجیب بات ہے میں نہیں جانتا کہ مصنف نے اس کا اختصار کیا ہے اور یہ مولفین کے شایان شان نہیں ہے اور عجیب بات تو یہ بھی ہے کہ انھوں نے اس کا ذکر کیا ہے یا انھوں نے مجمع الزوائد میں اس سقوط کے بارے میں ہیثمی کی پیروی کی ہے۔

شرح حديث إبراهيم بن الأشتر : أن أبا ذرٍّ حضره الموت وهو بالربذة ، فبكت امرأته ؛ فقال : ما يبكيكِ ؟ فقالت : أبكي ؛ فإنه لا يد لي بنفسك ، وليس عندي ثوب يسعك . *لنک پر کلک کریں اور وہاں آڈیو سنیں:*

[https//:www.al-albany.com].

[٧] ٢١٠٠٩ –حَدَّثَنَا عَفَّانُ ، حَدَّثَنَا وُهَيْبٌ ، حَدَّثَنَا عَبْدُ اللَّهِ بْنُ عُثْمَانَ بْنِ خُثَيْمٍ ، عَنْ مُجَاهِدٍ ، عَنْ إِبْرَاهِيمَ يَعْنِي ابْنَ الْأَشْتَرِ ، أَنَّ أَبَا ذَرٍّ ، حَضَرَهُ الْمَوْتُ وَهُوَ بِالرَّبَذَةِ فَبَكَتْ امْرَأَتُهُ ، فَقَالَ : مَا يُبْكِيكِ ؟ قَالَتْ : أَبْكِي أَنَّهُ لَا يَدَ لِي بِنَفْسِكَ ، وَلَيْسَ عِنْدِي ثَوْبٌ يَسَعُكَ كَفَنًا . فَقَالَ : لَا تَبْكِي ، فَإِنِّي سَمِعْتُ رَسُولَ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ ذَاتَ يَوْمٍ وَأَنَا عِنْدَهُ فِي نَفَرٍ يَقُولُ : لَيَمُوتَنَّ رَجُلٌ مِنْكُمْ بِفَلَاةٍ مِنَ الْأَرْضِ ، يَشْهَدُهُ عِصَابَةٌ مِنَ الْمُؤْمِنِينَ قَالَ : فَكُلُّ مَنْ كَانَ مَعِي فِي ذَلِكَ الْمَجْلِسِ مَاتَ فِي جَمَاعَةٍ وَفُرْقَةٍ ، فَلَمْ يَبْقَ مِنْهُمْ غَيْرِي ، وَقَدْ أَصْبَحْتُ بِالْفَلَاةِ أَمُوتُ ، فَرَاقِبِي الطَّرِيقَ فَإِنَّكِ سَوْفَ تَرَيْنَ مَا أَقُولُ ، فَإِنِّي وَاللَّهِ مَا كَذَبْتُ وَلَا كُذِبْتُ . قَالَتْ : وَأَنَّى ذَلِكَ وَقَدْ انْقَطَعَ الْحَاجُّ ؟ قَالَ : رَاقِبِي الطَّرِيقَ . قَالَ : فَبَيْنَا هِيَ كَذَلِكَ إِذَا هِيَ بِالْقَوْمِ تَخُدُّ بِهِمْ رَوَاحِلُهُمْ كَأَنَّهُمْ الرَّخَمُ ، فَأَقْبَلَ الْقَوْمُ حَتَّى وَقَفُوا عَلَيْهَا فَقَالُوا : مَا لَكِ ؟ قَالَتْ : امْرُؤٌ مِنَ الْمُسْلِمِينَ تُكَفِّنُونَهُ وَتُؤْجَرُونَ فِيهِ قَالُوا : وَمَنْ هُوَ ؟ قَالَتْ : أَبُو ذَرٍّ . فَفَدَوْهُ بِآبَائِهِمْ وَأُمَّهَاتِهِمْ ، وَوَضَعُوا سِيَاطَهُمْ فِي

نُحُورِهَا يَبْتَدِرُونَهُ ، فَقَالَ : أَبْشِرُوا ، أَنْتُمُ النَّفَرُ الَّذِينَ قَالَ رَسُولُ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فِيكُمْ مَا قَالَ ، أَبْشِرُوا ، سَمِعْتُ رَسُولَ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَقُولُ : مَا مِنَ امْرَأَيْنِ مُسْلِمَيْنِ هَلَكَ بَيْنَهُمَا وَلَدَانِ أَوْ ثَلَاثَةٌ فَاحْتَسَبَا وَصَبَرَا فَيَرَيَانِ النَّارَ أَبَدًا ثُمَّ قَدْ أَصْبَحْتُ الْيَوْمَ حَيْثُ تَرَوْنَ وَلَوْ أَنَّ ثَوْبًا مِنْ ثِيَابِي يَسَعُنِي ، لَمْ أُكَفَّنْ إِلَّا فِيهِ ، فَأَنْشُدُكُمُ اللَّهَ أَنْ لَا يُكَفِّنَنِي رَجُلٌ مِنْكُمْ كَانَ أَمِيرًا أَوْ عَرِيفًا أَوْ بَرِيدًا . فَكُلُّ الْقَوْمِ كَانَ قَدْ نَالَ مِنْ ذَلِكَ شَيْئًا إِلَّا فَتًى مِنَ الْأَنْصَارِ كَانَ مَعَ الْقَوْمِ ، قَالَ : أَنَا صَاحِبُكَ ، ثَوْبَانِ فِي عَيْبَتِي مِنْ غَزْلِ أُمِّي ، وَأَجِدُ ثَوْبَيَّ هَذَيْنِ اللَّذَيْنِ عَلَيَّ . قَالَ : أَنْتَ صَاحِبِي فَكَفِّنِّي.

